**A-0694**

Total No. of Pages: 3 Roll No...................

# MAUL - 504

## Master of Art (M.A.-23)

## First Semester Examination, (December) 2024

## (Paper-4th Tahqeeq-1)

## ایم۔اے۔اردو، سمسٹراوّل چوتھاپرچہ - تحقیق

Time: 2 Hours Maximum Marks-70

---

نوٹ:۔یہ پرچہ حصہ (الف)اور(ب) پرمشتمل ہے۔ ہر حصّے کے سوالات کے جوبات متعلقہ ہدایات کے مطابق دیجیے۔

2x19=38

### حصّہ (الف)

مندرجہ ذیل میں سے صرف دوسوالوں کے جواب دیجیے۔ ہرسوال ۱۹نمبرکا ہے۔

سوال نمبر۱۔ تحقیق کے چار اَدوار کی تفصیل اوران کے بنیادی اصولوں کی ضاحت کریں اور ان ادوارکا اُردوادب کی تحقیق پر کیا اثر پڑا؟

سوال نمبر۲۔ پروفیسر خواجہ احمد فاروقی کی تنقید میں تاریخ ،نفسیات اور دیگر علوم کے اثرات کس طرح نظر آتے ہیں؟

سوال نمبر۳۔ تحقیق کو''فن'' کیوں کہا جاتا ہےاور ایک محقق کے اندر کُرید کا مادہ اور حقیقت کی تلاش کی جستجو کیوں ضروری ہے؟

سوال نمبر۴۔ مسعود حسین خاں نے لسانیات کے میدان میں کون سے اہم تحقیقی کارنامے انجام دیے اور ان مضامین و کتب کی کیا خصوصیات ہیں؟

سوال نمبر۵۔ تحقیق کے اصول اور طریقۂ کار میں سب سے اہم عوامل کیا ہیں جو محقق کو کامیاب تحقیق کے لیے اپنانا چاہیے تفصیل سے بیان کیجئے۔

## حصّہ (ب)

4x8=32

مندرجہ ذیل میں سے صرف چار سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال ۸ نمبر کا ہے۔

سوال نمبر۱۔ ڈاکٹر گیان چند جین تحقیقی کتاب ''اُردو کی نثری داستانیں'' میں اُردو داستانوں کے فن اور عہد قدیم کی قصہ گوئی کی روایت پر کیا اہم نکات پیش کیے گئے ہیں؟ انہوں نے داستان نویسی کے زوال کے اسباب کو کیسے بیان کیا؟

سوال نمبر۲۔ تنقید کے معنی اور مفہوم پر روشنی ڈالتے ہوئے یہ بتائیں کہ ادبی تخلیق کی جانچ پرکھ میں کن اہم پہلوؤں پر غور کیا جاتا ہے؟

سوال نمبر۳۔ مولوی عبدالحق نے قدیم دکنی نسخوں کی تخلیق اور تدوین میں کون سے اصول اور طریقے اختیار کیے۔

سوال نمبر۴۔ اُردو کے تحقیق کے شعبہ میں مشہور محققین میں سے چار کے نام بتائیں۔

سوال نمبر۵۔ مشفق خواجہ کے تحقیق کام میں ''احمد دین'' کی کتاب ''اقبال'' کی دریافت کا کیا کردار ہے اور یہ کتاب اُردو تنقید کے حوالے سے کس اہمیت کی حامل ہے؟

سوال نمبر۶۔ امتیاز علی خاں عرشی نے غالبؔ کی تدوین میں کس طرح کے تحقیقی اصول اپنائے اور ''دیوان غالبؔ عرشی'' کی ترتیب میں کیا اہمیت رکھی ہے؟

سوال نمبر ۷۔ الفریڈ نارتھ وہائیڈ ہیڈ کے قول ''تمام صداقتیں آدھی صداقتیں ہیں'' سے آپ کسی طرح تحقیق کے عمل اور اس کی نوعیت کو سمجھ سکتے ہیں؟

سوال نمبر ۸۔ محمود شیرانی نے ''فردوسی کے شاہ نامے'' کے حوالے سے جو سخت گیر تحقیق کی تھی، اس کی اہمیت اور اس کے ثرات پر روشنی ڈالیں۔

***************